11/04/2026
07.40 / PM

آداب
خبروں کا بلیٹن لےکر میں سید مبشر رفاعی
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........ مغربی ایشیاءمیں قیام امن کے لئے ایران اور امریکہ کے درمیان اسلام آباد پاکستان میں مذاکرات جاری ۔

*........ جموں کشمیر میں سو دنوں کے نشہ مکت ابھیان کا آغاز // لیفٹنٹ گورنر نے جموں میں کی پد یاترا روانہ ۔

*........ Morel مشروم کے تحقیقاتی عمل میں سکاسٹ کشمیر کی نمایاں کامیابی// وزیر اعلیٰ کی یونیورسٹی کو مبارک باد ۔

اور

*........ ملک میں رہ رہے پناہ گزینوں کو دئے جائیں گے مکمل آئینی حقوق // وزیر اعظم نریندر مودی// کہا در اندازوں کو کیا جائے گا ملک بدر۔

مذاکرات

ایک اہم پیشرفت کے تحت مغربی ایشیاءمیں دائمی امن کے قیام کیلئے ایران اور امریکہ کے اعلیٰ سطح کے وفود کے درمیان پاکستان کے اسلام آباد میں مذاکرات شروع ہو گئے ہیں۔امریکی وفد کی قیادت نائب صدر JD وانس کر رہے ہیں، جبکہ ایرانی وفد کی قیادت وہاں کے پارلیمانی سپیکر محمد باغیر غالیباف کر رہے ہیں۔

اپنی پاکستان روانگی سے قبل امریکی نائب صدر نے کہا کہ وہ مثبت مذاکرات کیلئے پر امید ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران صدق دلی کے ساتھ مذاکرات کا خواہاں ہے تو امریکہ بھی پوری فراخدلی کا مظاہر ہ کرے گا ۔

دوسری طرف ایران کے سپیکر نے کہا ہے کہ باہمی اتفاق سے طے پائے اقدامات میں سے ابھی دو اقدام پر عمل ہونا باقی ہے جن میں لبنان میں فائر بندی بھی شامل ہے ۔اس بات چیت میں اہم توجہ ایران کے نیوکلیائی پروگرام اور بلیسٹک میزائلوں کی تیاری کے علاوہ آبنائے ہر موز پر مرکوز ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

جمونو کشمیر میں نشہ آور چیزوں کے استعمال کے بڑھتے رجحان کی بدعت کا قلع قمع کرنے اور لوگوں میں اس حوالے سے بیداری پیدا کرنے کےلئے یوٹی میں آج سے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سو روز پر مشتمل ایک جامع مہم کا آغاز ہوا۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ابھیان کے تحت آج جموں میں ایک پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ انہوں نے خود بھی اس پد یاترا میں شرکت کی ۔

اس موقعہ پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ انتظامیہ نے جموں کشمیر کومکمل طور نشہ مکت بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لئے سماج کے ہر طبقے کو کام کرنا ہو گا ۔

-------LG-------

اس موقعہ پر ایل جی نے وہاں موجود تمام لوگوں اور شخصیات کو نشہ مخالف مہم کامیاب بنانے کا عہد دلایا ۔

پَد یاترا

جموں کشمیر میں ایک سو دنوں پر مشتمل شروع ہوئے نشہ مکت ابھیان کے سلسلے میں آج یوٹی کے مختلف اضلاع میں کئی بیداری پروگرام اور پَد یاترائیں منعقد ہوئیں ۔ کولگام سے ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ ضلعے میں پولیس کے اہتمام سے خون کا عطیہ دینے کے ایک کیمپ کا انعقاد ہوا جس کا افتتاح ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم اور ایس ایس پی عنایت علی چودھری نے مشترکہ طور پر کیا ۔

کپواڑہ میں بھی اسی سلسلے میں پولیس کے اہتمام سے ضلعے کے کُنن پوش پورہ ترہگام میں نشہ مخالف مہم کو کامیاب بنانے کا عہد لینے کے لئے ایک پروگرام منعقد ہو ا۔

کشمیر پولیس

جموں کشمیر میں منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس اور دیگر ایجنسیوں کی کاروائیاں جاری ہیں ۔ اینٹی نارکوٹِکس ٹاسک فورس کشمیر نے سرینگر میں ایک کاروائی کے دوران گلزار صوفی نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔

اس دوران پلوامہ میں پولیس نے فیضان احمد بٹ اور مظفر احمد ملک نامی دو ڈرگ سمگلروں کو منشیات سمیت گرفتار کیا ہے ۔

اُدھر پولیس کے اہتمام سے پلوامہ ضلعے کے ترال میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کی مناسبت سے مذہبی
رہنماو

---

ں کے ساتھ ایک نشست منعقد ہوئی جس دوران انہیں منشیات کے استعمال کے مضر اثرات کے ۃ بارے میں لوگوں کو آگاہ کرنے کے لئے کہا گیا ۔

اننت ناگ ، بارہمولہ اور بڈگام پولیس نے اپنی الگ الگ کارروائیوں کے دوران 8ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے منشیات کی ایک بھاری مقدار ضبط کی ہے ۔

اسی دوران شوپیان پولیس نے متعلقہ ضلع انتظامیہ کی جانب سے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ضلع بھر میں جانکاری پروگراموں کی شروعات کی ہے۔

دریں اثنا ضلع انتظامیہ پلوامہ کی جانب سے بھی سو روزہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پروگراموں کا آغاز ہو گیا ۔ ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے مہم کی با اثر عمل آوری کیلئے سرکاری اور عوامی سطح پرپختہ قوت ارادی کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔

جموں پولیس

پونچھ پولیس کی جانب سے ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں میں منشیات کے مخالف بیداری عام کرنے کے پروگراموں میں سرعت لائی گئی ہے ۔

ڈوڈہ پولیس کی جانب سے بھی نشہ مکت ابھیان کے تحت ضلع بھر میں متعدد بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

اسی طرح سے ریاسی پولیس کی جانب سے بھی نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت جانکاری پروگراموں کے ایک سلسلے کا انعقاد کیا گیا ۔

راجوری پولیس نے ضلع انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کے باہمی اشتراک سے راجوری قصبے اور درہال کے علاقوں میں نشہ مکت جانکاری ریلیوں کا انعقاد کیا ۔ان پروگراموں کے دوران عوام کو منشیات کے مضر اثرات اور اس سے بچنے کے اقدامات نیز سماج کے رول کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی۔
سانبہ پولیس نے سریندر سنگھ نامی ایک ڈرگ سمگلر کو چرس کی کچھ مقدار کے ساتھ گرفتار کر لیا ہے۔

پد یاترا
جموں کشمیرمیں آج سے سو دنوں پر محیط شروع ہوئے نشہ مکت ابھیان کے سلسلے میں سبھی اضلاع میں بھی ضلع انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف نوعیت کے بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ، جس دوران عام لوگونکو منشیات کے مضر اثرات اور ان سے بچنے کے بارے میں جانکاری دی گئی۔
بیشتر اضلاع میں متعلقہ ڈپٹی کمشنران ان تقاریب میں خود بھی موجود رہے ۔
وزیر اعلیٰ
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے Morel مشروم سے متعلق تحقیقاتی عمل میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے پر شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ اس کامیابی سے جموں کشمیر میں دیہی معیشت مزید مضبوط ہو گی ۔ انہوں نے یونیورسٹی کے سائنس دانوں اور تحقیق دانوں کی لگن اور تندہی کی سراہنا کی ہے ۔

جاوید ڈار
محکمہ زرعی پیدا وار اور دیہی ترقی کے وزیر جاویداحمد ڈار نے آبپاشی کی نہروں کی صفائی اور مرمت کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسروں کے ما بین قریبی تال میل پر زور دیا ہے تاکہ مختلف اقدام کے نتائج زمینی سطح پر عیاں ہوں ۔
وہ ڈاک بنگلہ رفیع آباد بارہمولہ میں آبپاشی کی سہولیات اور اس سلسلے میں جاری کاموں کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لے رہے تھے ۔

رانا
جنگلات اور ماحولیات اور قبائیلی امور کے وزیر جاوید رانا نے کہا ہے کہ شہروں میں گاڑیوں کی منصوبہ بند نقل و حمل یقینی بنانے کیلئے جموں کشمیر سرکار ایک جامع اور موثر ٹریفک منیجمنٹ حکمت عملی اپنانے کیلئے پر عزم ہے۔
وہ پونچھ کے مینڈھر میں ٹریفک کے نظام میں سُدھار لانے سے متعلق سب ڈویژنل انتظامیہ اور ٹرانسپورٹ یونین کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ میں بول رہے تھے۔
بریک
یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
نیوز آن ایئر ایپلیکیشن اور DTH اور AIR خبر یں آکاشوانی کے موبائل ایپ پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔
ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

وزیر اعظم

BJPوزیر اعظم اور کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک میں رہ رہے پناہ گزینوں کو مکمل آئینی حقوق دیئے جائیں گے جبکہ در اندازوں کو ملک سے باہر نکالا جائے گا ۔مغربی بنگال کے Katwaعلاقے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہاکہ سرکار نے ملک کے ہر خطے کی یکسان اور متوازن ترقی کیلئے کام کیا ہے۔ انہوں نے کہاکہ BJP اہل درخواست دہندگان کو سٹیزن شپ ترمیمی ایکٹ کے تحت شہریت کا حق دیا جائے گا۔

روح اللہ مہدی

سرینگر پارلیمانی حلقے کے لوک سبھا ممبر آغا سید روح اللہ مہدی نے گاندربل میں ضلع انتظامیہ کی ایک میٹنگ طلب کر کے ضلع اسپتال گاندربل میں لوگوں کو دستیاب طبی سہولیات اور وہاں جا ری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔
انہوں نے اسپتال انتظامیہ اور عملے کی تعریف کر تے ہوئے کہا کہ طبی سہولیات میں مزید بہتری لانے کےلئے لازمی اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ انہوننے اسپتال میں طبی سہولیات کو مزید مستحکم کرنے کے لئے 1 کروڑ 29 لاکھ روپے منظور کئے۔ آغا سید روح اللہ مہدی نے ضلعے میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں میں سرعت لانے کی ہدایت دی ۔

لیبارٹری افتتاح

جے اینڈ کے یتیم فاونڈیشن کے کارگزار چیر مین محمد اقبال بیگ نے جنوبی کشمیر کے کولگام ضلعے کے ژَولگام علاقے میں واقع فاونڈیشن کے الہلال ایجوکیشنل انسٹیچوٹ میں اپنی نوعیت کی پہلی انفارمیشن اینڈ کمیونکیشن ٹیکنالوجی لیبارٹری کا افتتاح کیا ۔
فاونڈیشن کے جنرل سیکریٹری محمد سعید اونتو نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سماجی خدمت کے لئے کام کر رہے اس ادارے میں تعلیمی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے طالب علموں کی سہولت کے لئے ایک سکول بس بھی عطیے میں فراہم کی گئی ۔
اس موقعہ پر فاونڈیشن کے سابق چیر مین محمد رفیق لون ، مرکزی ایگزیکیوٹیو کمیٹی کے ممبر محمد سعد اللہ ، سینئر ممبر عبدالمجید لاوے ،ضلع نمائندہ محمد یاسین اور دیگر کئی شخصیات بھی موجود تھےں ۔

ریل

اور اب ریل خدمات سے متعلق خبر
-----MUSIC------
شمالی ریلوے نے آج سے15 اپریل تک سرینگر۔ کٹرہ ریلوے سیکٹر پر خصوصی ریل سروس دستیاب رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔
یہ گاڑی ان پانچ دنوں کے دوران صبح دس بج کر پانچ منٹ پر شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ سٹیشن سے چل کر دو پہر ایک بج کر 35 پر سرینگر پہنچے گی ۔ خصوصی ریل گاڑی سرینگر سے سہ پہر تین بج کر دس منٹ پر چلے گی اور شام سات بجے کٹرہ پہنچے گی ۔

پلوامہSSP
ترنو شری کی صدارت میں سنگرونی علاقے میں ایک SSP پلوامہ پولیس کی جانب سے ضلعے کی عوامی دربار منعقد کیا گیا ۔
عوامی دربار میں سنگرنی اور ملحقہ جات کے لوگوں نے سرگرم شرکت دکھا کر اپنے کئی مسائل ومطالبات سامنے رکھے۔
موصوفہ نے اس موقعے پر پولیس اور عوام کے بیچ قریبی رابطے کی اہمیت اجا گر کی -SSP

نیشنل کانفرنس
نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس عوام کے احساسات اور امنگوں کی ترجمان ہے ۔ آج سرینگر میں پارٹی کارکنوں اور ان سے ملنے آئے عوامی وفود سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ اس جماعت نے ہر طبقے کو مناسب نمائندگی دی ہے ۔
اس دوران پارٹی کی خواتین ونگ کی صدر شمیم فردوس نے آج شالہ کدل سرینگر کا دورہ کر کے وہاں حالیہ دنوں پیش آئی آگ کی واردات میں ہوئے نقصان کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متاثرین کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ۔

PDP
پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کا ایک اجلاس آج بڈگام میں منعقد ہوا جس کی صدارت پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن ایڈووکیٹ غلام نبی لون ہانجورہ نے کی۔ اجلاس کے دوران اس مہینے کی 14 تاریخ کو پارٹی صدر محبوبہ مفتی کی سربراہی میں منعقد ہونے والے " کتھ باتھ" پروگرام اور بلدیاتی و پنچایتی انتخابات کے لئے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا ۔ اجلاس میں ایم ایل اے بڈگام آغا منتظر مہدی اور پارٹی کے ضلع صدر محمد یاسین بٹ کے علاوہ دیگر کئی لیڈر موجود تھے ۔

سیف الدین سوز
جموں کشمیر کے سینئر سیاستدان اور سابق مرکزی وزیر سیف الدین سوز نے یوٹی میں بقول ان کے پینے کے صاف پانی کی قلت پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ ایک بیان میں سیف الدین سوز نے کہا ہے کہ انہوں نے اس بارے میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے نام ایک مکتوب میں انہیں مناسب اقدامات کرنے کی اپیل کی ہے ۔

شاہین
جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے یو ٹی مینبڑھ رہے بیروزگاری کے بحران پر سرکار کو آڑھے ہاتھوں لیا ہے۔
میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ سرکار خطے کے نوجوانوں کو با وقار روزگار فراہم کرنے میں نا کام رہی ہے ۔

عرس بتہ مالو
ولی کامل حضرت شیخ
داو

د ریشی المعروف بتہ مول صاحب ؒ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں آج بٹہ مالو سرینگر میں ان ؒ کے آستانِ عالیہ پر نماز عصر سے نماز مغرب تک ختمات المعظمات کی مجلس منعقد ہوئی ۔
اس طرح کی تقریب کل بھی جاری رہے گی۔کل وہاں نمازِ عشاءرات دس بجے ادا کی جائے گی جبکہ مغرب کے بعد نماز عشاءتک مولانا غلام محی الدین قادری اولیائے کرام کی سیرت بیان کریں گے ۔
ختمات المعظمات کی یہ تقاریب نعت خواہاں پیر زادہ محمد ایوب کی نگرانی میں انجام دی جا رہی ہیں۔
اسی دوران اننت ناگ ضلع میں حضرت بابا حیدر ریشی ؒ کے آستان عالیہ ریش مول پر 461ویں عرس کے سلسلے میں17اپریل سے 19اپریل تک تقریبات کا اہتمام ہے۔

بیساکھی
گرد وارہ پربندھک کمیٹی سرینگر کی جانب سے 14اپریل کو بیساکھی کے موقعے پر گردوارہ چھٹی پادشاہی کاٹھی درواز ہ رعنا واری سرینگر میں ایک پُر وقار تقریب کا اہتمام ہے ۔
اس موقعے پر سکھ عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد کی آمد متوقع ہے جس کیلئے پربندھک کمیٹی اور ضلع انتظامیہ سرینگر کی جانب سے مناسب انتظامات کئے جا رہے ہیں۔نیشنل کانفرنس کی اقلیتی سیل کے کنوینرجگدیش سنگھ آزاد نے بیساکھی کے موقعے پرعقیدت مندوں کیلئے مناسب انتظامات کرنے کی اپیل کی ہے ۔

ادبی تقریب
فنکار کلچرل آر گنائزیشن سرینگر نے آزاد کلچرل مرکز کشمیر کے باہمی اشتراک سے آج ٹائیگور ہال سرینگر میں یوم عبدالاحد آزاد منایا۔
تاریخ ساز ادیب اور شاعر عبدالاحد آزاد کی 77ویں برسی کے موقعے پر منعقدہ اس تقریب میں ادیبوں کی انجمن نے مرحوم شاعر کی ادبی خدمات کو یاد کرکے انہیں اپنا شاندار خراج عقیدت پیش کیا۔
کولگام محمد یوسف تاریگامی مہمان خصوصی تھے۔جبکہ ادب نوازوں میں MLA تقریب پر پروفیسر گلشن مجید ،نثار نسیم ،حسرت گڑھا، گلشن بدرنی اور دیگر ادیب بھی شامل تھے۔

موسیقی
مرکزی وزارت ثقافت کے زیر اہتمام شمالی زون ثقافتی سینٹر پٹیالہ // جموں کشمیر اکیڈمی آ ف مانسبل میں جشن موسیقی Open Air Theatre آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کے باہمی اشتراک سے کل کا اہتمام کر رہی ہے ۔
یہ جموں کشمیر کے صوفی موسیقی ، غزل اور لوک موسیقی کاایک پروگرام ہوگا۔

IGNOU
کالج میں اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کے Eliezer Joldan Memorial لیہہ لداخ میں کو یونیورسٹی کے سرینگر Yangchan Dolma کی کوآرڈنیٹر ڈاکٹر Learner Support Centre کا ایوارڈ دیا گیا ہے ۔ Best Coordinator علاقائی مرکز کی جانب سے

حادثے

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مَتھرا اُتر پردیش میں ایک کشتی ڈوبنے کی وجہ سے ہوئے جانی نقصان پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔
انہوں نے پونچھ اور راجوری سے تعلق رکھنے والے چند افراد کی کویت میں ایک سڑک حادثے کے دوران ہوئی موت پر بھی صدمے کا اظہار کیا ہے۔
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی سرنکوٹ اور تھنہ منڈی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کویت میں ایک سڑک حادثے کے دوران ہوئی موت پر رنجم الم کا اظہار کیا ہے۔

Jyotiba Phule

قوم آج معروف سماجی کارکن اور اصلاح کار مہاتما Jyotiba Phule کو ان کے جنم دن پر خراج عقیدت ادا کر رہی ہے۔
نائب صدر جمہوریہ CP صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مو دی کے علاوہ دیگر اہم شخصیات نے پارلیمنٹ کے احاطے میں Prerna ستھل پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا۔
ادھر جمونو کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی مہا تما Jyotiba Phule کو ان کی جنم جینتی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

ISRO

بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO نے، آندھرا پردیش کے سری ہری کوٹا میں آئندہ گگن یان مشن کیلئے، خلاءمیں بھیجنے کی دوسری مربوط لانچ 02 IADT-میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ عملے کے ماڈیول کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانے کیلئے یہ نظام لازمی ہے۔
مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اسرو کو اس آزمائش کی کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ بھارت کی یہ پہلی انسانی خلائی پرواز سری ہری کوٹہ سے 2027 میں روانہ کی جائے گی۔

مختار

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے چند روز کے دوران موسم خشک رہنے کا امکان ہے ۔ سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔
------MUKHTAR-----

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت19 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 5 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجے ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ۔